Music By Hemant Kumar

فلمستان کا پیش کردہ

चम्पाकली

203

چمپا کلی

اداکاران

سچترا سین۔ بھارت بھوشن ۔ بیراں اور شوبھا کھوٹے

قیمت ۱ ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے چھپاکلی کے

گانا نمبر ۱

کھلی ہوا میں ڈولے رے، آجا میرا من بولے رے
دِل کی بہار لے کے آئیگا سانوریا
بلما جو چھپا کی سندیسا ایسا لائی کہ سن سن میں تو شرمائی
گھبرائی کسی نے چوری چوری میرے گھونگھٹ کے پٹ کھولے رے
لاج کی ماری میں تو ہوئی رے باورِیا
کھلی ہوا میں ....

میں انکھیاں جھکاؤں یا مکھڑا چھپاؤں
سمجھ نہیں آئے مجھے ہائے لِٹ جاؤں
آج کسی نے مجھے پکارا پیار سے ہولے ہولے رے
پلک جھک جائے ہائے میری نظریا
کھلی ہوا میں ....

گانا نمبر ۲

نا جانے یہ چندا نا جانے یہ تارے آج میرے سپنے کسی نے رنگ ڈارے
انکھیوں میں جھومتی وہ پیار بھری رات ہے
چاندنی میں دوار کھڑی پیا کی برات ہے
لاج کرے گھونگھٹ کی اوٹ سے اشارے
آج میرے سپنے کسی نے رنگ ڈارے ۔ نا جانے...
من کی مراد میری جھوم رہی ساتھ میرے

رسیاکے ہاتھ میں ہیں مہندی والے ہاتھ میرے
ناؤ میری آشا کی لگی ہے کنارے
آج میرے سپنے کسی نے رنگ نکھارے ۔ ناجانے...

گانا نمبر ۳

او گوالن کیوں میرا من تیری چتون لے گئی
بانسری کی تان پیاری ہنجاری دے گئی
یہ ادا یہ بھولاپن یہ گال پر زلفوں کی گھٹا
اب کسی کو کیا بتاؤں کیوں میرا دل ہے کھو گیا
یہ عمریا یہ نظریا دل کو دھڑکن دے گئی ۔ او گوالن...
یہ گلابی ہونٹ جیسے پنکھڑی سی ہے پھول کی
آپ اپنا چین کھویا دیکھ کر یہ کیا بھول کی
در دنیا را پیارا پیارا پریت بابن دے گئی ۔ او گوالن...
بانسری کی تان پیاری ہنجاری دے گئی ۔ او گوالن...

گانا نمبر ۴

راجو:۔ او جی او جی چھوڑ دی دنیا میرا جادوگر بالما
مادھو:۔ ناجی ناجی ہمیں مجبور کریں نیناں تیرے ظالما
راجو:۔ دیکھو میرے نینوں کو نہ دینا الزام جی دینا الزام جی
گلی گلی کہیں ہو نہ جاؤں بدنام ہو نہ جاؤں بدنام جی
مادھو:۔ ہاں جی ہاں جی مجھے مشہور کریں نیناں تیرے ظالما
راجو:۔
او جی او جی ...
بولو کیسے رکھوں میں یہ مکھڑا چھپائے کے

مادھو:۔ چھپے گا نا چاند کا یہ ٹکڑا چھپائے سے
راجو:۔ لو جی لو جی نت نئی چھیڑ کرے جادوگر بالما
مادھو:۔ نا جی نا جی ہمیں مجبور کریں نیناں تیرے ظالما
راجو:۔ ارے جی او جی چھوٹ ملی دوپٹہ میرا جادوگر بالما

گانا نمبر ۵

راجو:۔ جا رے جا رے او ماکھن چور
چلے گی نہ یہ چوری، تیری کا جورا جوری او چھلیا
مادھو:۔ جا جا کاہے مچاوت شور
کبھی نا چھوڑونگا یہ بتیاں گوری گوری سجنیا کاہے مچاوت شور
راجو:۔ ایسی ٹھٹھولی کرو ہم سے نہ رسیا کون ہو تم ہمارے
مادھو:۔ ہم تو ہانے گوری جو چکوری کا چندا ہم وہی ہیں تمہارے
راجو:۔ دیکھو جی دیکھو میرا بھولا سا منوا
سمجھے نہیں اشارے او چھلیا جا رے او ماکھن چور
مادھو:۔ او بن بنسی تو تان، تیرا میرا ساتھ پرانا
راجو:۔ او رہنے دو یہ بانت، چلے گا نا جی کوئی بہانا
مادھو:۔ مانو نہ مانو تمہیں دل کی قسم ہے
اپنا ہمیں بنانا سجنیا کاہے مچاوت شور
کبھی نہ چھوڑوں.....
راجو:۔ ہٹو جی ہٹو میری چھوڑ دو ڈگریا یوں ہمیں نہ ستاؤ
مادھو:۔ جانے سے پہلے میرے دل کی نگریا مسکرا کے بساؤ
راجو:۔ جانوں نہ جانوں کیسا دل ہے تمہارا

پہلے دِل تو دکھا دے رے چھلیا جا رے او ماکھن چور

گانا نمبر ۹

کورس:۔ آجا او رسیا ساون کے دِن آئے
او گھٹا کاری کاری چھا نڑ پائے آ رسیا ساون کے دِن آئے

آجا او رسیا۔۔۔

او گھٹا کاری کاری۔۔۔۔۔۔ او رسیا۔۔۔

راجو:۔ گونجی باغوں میں کوئل کی کوک رے
اُٹھی دِل سے محبت کی ہوک رے

کورس:۔ ہو ای۔۔۔

چمپا:۔ گونجی باغوں میں کوئل کی کوک رے
اُٹھی دِل سے محبت کی ہوک رے

راجو۔ سیاں جس دِن ملے کلی دِل کی کھلی
مٹ جائیگی بِرہ کی ھُوک رے۔

کوئی جا کے خبر تیری لائے

کورس:۔ او رسیا ساون کے دِن آئے ۔ آجا او۔۔

مادھو:۔ تیری پائل کی چھم چھم کے گیت رے
آیا سُن سُن کے پردیسی میت رے ۔ ہو آیا۔۔

کورس:۔ آجا او۔۔۔۔

تیری پائل کی۔۔۔۔ آیا سُن سُن کے۔۔۔۔

مادھو۔ ہو نینا پھرا لگا بتیاں پھرا سجا
جاگے منوا میں سوئی سوئی بیریت رے

کوئی گھونگھٹ میں اب شرمائے
لڑکی :۔ او رسیّا ساون کے دِن آئے
کورس :۔ آ جاؤ....
لڑکیاں :۔ آئی سج دھج کے پھولوں کی ڈولیاں
لڑکے :۔ پیچھے پیچھے ہیں بھنوروں کی ٹولیاں
لڑکا :۔ دیکھو دیکھو اگر ٹکرائی نظر
لڑکی :۔ دِل بولے گا میٹھی میٹھی بولیاں
اری اری سجن من بھائے
کورس :۔ او رسیّا ساون.... آ جاؤ....

گانا نمبر ۵

چھُپ گیا کوئی رے دُور سے پُکار کے
درد انوکھے ہائے دے گیا پیار کے
آج ہیں سُونی سُونی دِل کی یہ گلیاں
بن گئیں کانٹے میری خوشیوں کی کلیاں
پیار بھی کھویا میں نے سب کچھ ہار کے
درد انوکھے ہائے دے گیا پیار کے
چھُپ گیا کوئی....
انکھیوں سے نیند گئی منوا سے چین رے
چھُپ چھُپ روئے میرے کھوئے نین رے
ہائے یہی تو میرے دِن تھے سنگار کے
درد انوکھے.... چھُپ گیا کوئی....

گانا نمبر ۸

دُنیا بھر کی ندیوں کا جب مالک ہے بھگوان
ایک دُکھیا کو کیوں نہ دیگا چلّو بھر کا دان
تیرے بادلوں کی خیر تیرے ساگروں کی خیر
میرے پیار کی تلیا کو بھی پانی دے

تیرے بادلوں....
صبح سویرے تو ہی بکھیرے شبنم کے یہ موتی
تیری دیا کے جل سے پتّی پتّی مُکھڑا دھوتی
کیسے رکتے کمال سُن میرا بھی سوال
کہاں جل کو چھپایا ہے نشانی دے

تیرے بادلوں.....
گھوم رہی ہیں نگری نگری یہ جھولی پھیلائے
گھائل من پر پھر بھی کسی کو رحم ذرا نہ آئے
تیری دُنیا میں دیر، پر نہیں ہے اندھیر
میری ڈگمگ نیّا کو روانی دے — تیرے بادلوں...

کورس :- آ آ.....
رانگو :- تیرے ہوتے ہریت کسی کی یہ دُنیا کیوں لوٹے
تُو چاہے تو پتھر سے بھی جھر جھر جھرنا پھوٹے
میں تو آئی تیرے دوار میری بگڑی سنوار
اب دیر نہ کر زندگانی دے — تیرے بادلوں..

ختم شُد

سینٹوولی

کیا آپ اپنے آپکو کمزور محسوس کرتے ہیں؟ یا دست صاف نہیں آتا۔ قبض بنی رہتی ہے۔ اچھے سے اچھا کھانے پر بھی تندرستی خراب ہوتی جا رہی ہے۔ کھایا ہوا دُودھ گھی یا طاقت کی دوائیں آپکو کوئی فائدہ نہیں پہنچاتی۔ بلکہ اُلٹی کمزوری آتی ہے۔ یا آپکا کسی کام میں دل نہیں لگتا۔ یاد داشت خراب ہوگئی ہے۔ ذراسی محنت کرنے میں سانس پھولنے لگتی ہے۔ دن رات پڑے رہنے کو جی چاہتا ہے۔ آنکھوں کے نیچے کالے دھبے پڑ گئے ہیں۔ اور آپ کسی بھی ذمہ داری کے کام سے جی چرانے لگے ہیں۔ فکر ڈر یا گھبراہٹ رہتی ہے۔ کمر پنڈلی اور سر میں درد رہتا ہے۔ جسم میں خون کا بننا بند ہوگیا ہے۔ یا اسی طرح کی اور تکلیف ہے تو علاج میں دیر کرنا خطرناک ہے۔ اب آج ہی **سینٹوولی** منگائیں۔ اس سے آپکی تکلیفیں جلد دُور ہو جائیں گی۔ اگر پورا کورس استعمال کرنے پر بھی فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس کرینگے۔ گارنٹی کا فارم ساتھ بھیجا جاتا ہے۔

قیمت	۱	شیشی	۱۰ دن کا کورس	۳|۲|-
"	۲	"	۳۰ " " "	۵|۰|-
"	۳	"	۴۵ دن کا پورا کورس	۷|۰|۱۰

محصول ڈاک معاف

ایک سال یا اس سے زیادہ دنوں کے بیمار پورا کورس ہی استعمال کریں۔ اپنے آپکو کمزور رکھنا پاپ ہے۔ طاقتور بنکر اپنے گھر، سماج، نئے بھارت کو جلد تیار بنانے میں مدد دیجئے۔

نریندرا اینڈ کمپنی کنجس مٹ دریبہ کلاں دھلی

(راوہ ادا پریس دہلی)